**ملازمت بھی مل گئی اور اپنی کمیونٹی کی طرف سے اظہار کا موقع بھی**

جب وسیم النساء سید کو اردو بولنے والوں کے لیے SSI کے زیر اہتمام کمیونٹی وائس مشاورتی سیشن میں مدعو کیا گیا تو وہ شروع میں ہچکچائیں۔

ایک معذور بچے کی ماں ہونے اور SSI کے **لوکل ایریا کوآرڈینیشن (LAC) پروگرام** سے مدد لینے کے باعث انہیں لگتا تھا کہ انہیں پہلے سے ہی معذوری کی نیشنل انشورنس سکیم (NDIS) کا کافی علم ہے۔
تاہم یہ سیشن مختلف تھا۔ **SSI کے کمیونٹی وائس مشاورتی سیشنز** کمیونٹی میں خاص گروہوں کے خیالات جاننے کے لیے ڈیزائن کیے جاتے ہیں جن سے کمیونٹی کی بہتری کے اقدامات کے متعلق رہنمائی ملے۔ جن کمیونٹیوں تک پہنچنا بالعموم مشکل ہوتا ہے، SSI ان کے لیے مقامی سطح پر سیشنز کرتا ہے اور ان میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے متنوع (CALD) کمیونٹیاں اور صنفی اور جنسی لحاظ سے متنوع کمیونٹیاں شامل ہیں۔
مسز سید نے اردو کمیونٹی وائس سیشن میں شرکت کی جو ذاتی طور پر ان کے ساتھ ساتھ ان کی کمیونٹی کے لیے بھی بہت فائدہ مند ثابت ہوا۔
مسز سید نے محسوس کیا کہ وہ معذور بچے کی پرورش کے حوالے سے سیشن میں اپنا تجربہ کھل کر بتا پائیں۔
"مجھے یہ بہت اچھا لگا کیونکہ میں وہاں اپنے دل کی بات کر سکتی تھی اور ذکر کر سکتی تھی کہ سپیشل ضرورتیں رکھنے والے بچے کا کیئرر ہونا کیسا ہے۔ میں گروپ میں وہ فرد تھی جسے کسی [معذور] بچے کے ساتھ سب سے زیادہ تجربہ تھا۔
تو اس کے بعد، مسز سید کو احساس ہوا کہ وہ اردو بولنے والی کمیونٹی میں معذور افراد کے لیے آواز اٹھانے کے قابل ہیں اور ان کے پاس کہنے کے لیے کچھ ہے۔
SSI کی LAC ٹیم نے انہیں SSI گروپ کے **ملٹی کلچرل پیئر نیٹ ورک** سے منسلک کر دیا جس میں شامل معذوری کا تجربہ رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کو سہارا دیتے ہیں۔
اب وہ پارٹ ٹائم بنیادوں پر یہ گروپ چلا رہی ہیں اور پانچ اہم موضوعات پر گفتگو کے سیشن رکھتی ہیں: سیلف ایڈووکیسی (اپنے لیے خود آواز اٹھانا)، رضاکارانہ کام، روزگار، NDIA اور مدد دینے والے حلقے۔
انہوں نے کہا، "CALD کمیونٹی سے تعلق رکھنے کی وجہ سے میں جانتی ہوں کہ والدین کے لیے اپنے بچے کی معذوری کو قبول کرنا کتنا مشکل ہو سکتا ہے۔"
"ہمارے نزدیک سب سے اہم یہ ہے کہ CALD کمیونٹیز کے مسائل کو تسلیم کیا جائے اور یہ معلومات پہنچائی جائیں کہ NDIS موجود ہے۔
"میں لوگوں کو بتاتی ہوں کہ آپ کو اس سپیشل بچے کی دیکھ بھال کے لیے چنا گیا ہے اور حکومت آپ کی مدد کے لیے بچے کی تھراپیاں اور ضرورت کی ہر چیز فراہم کرنے کے لیے موجود ہے۔"

Delivering the NDIS in your community

مسز سید تقریباً چھ ماہ سے اس حیثیت سے کام کر رہی ہیں اور کہتی ہیں کہ ان کے کام کا بہترین حصہ دوسرے مقامی والدین کو NDIS اور مقامی امدادی خدمات سے جوڑنا ہے۔

"یہ اس کمیونٹی کو علم اور معلومات دلانے کا معاملہ ہے جیسے آپ جانتے ہیں کیونکہ میرا تعلق اسی کمیونٹی سے ہے اور میں جانتی ہوں کہ میں کتنی مشکلات سے گزری ہوں۔

انہوں نے کہا کہ "نہ صرف خود کو ملنے والا یہ تحفہ قبول کرنا مشکل ہوتا ہے بلکہ اپنے آس پاس کے لوگوں کا سامنا کرنا بھی بڑا مشکل ہے جو آپ کے متعلق ناقدانہ سوچ رکھتے ہیں اور آپ سے سوال کرتے رہتے ہیں۔"

ملٹی کلچرل پیئر نیٹ ورک کا اردو بولنے والا گروپ ہر ہفتے میٹنگ کرتا ہے اور یہ نیٹ ورک معذور افراد کے ساتھ ساتھ ان کے کیئررز کے لیے بھی ہے۔

مزید معلومات کے لیے دیکھیں: **ملٹی کلچرل پیئر نیٹ ورک**

کمیونٹی میں SSI LAC کے اقدامات اور آئندہ کمیونٹی وائس مشاورت کے بارے میں جاننے کے لیے **LAC کمیونٹی پورٹل** دیکھیں۔